**18.05.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

**Music**

1 لوک سبھا انتخابات کے پانچویں دور کیلئے چناؤ مہم آج شام ختم ہو رہی ہے۔
2 وزارت خارجہ نے کرغستان کے شہر بشکیک میں رہنے والے بھارتی طلبا کو مشورہ دیا ہے کہ وہ ہجومی تشدد کے مد نظر گھروں کے اندر ہی رہیں۔
3 اسرائیل کی فوجوں نے رات بھر کی کارروائی کے دوران غزہ سے تین یرغمالیوں کی لاشیں بر آمد کی ہیں۔
4 محکمۂ موسمیات کا کہنا ہے کہ آئندہ دنوں میں کیرالہ میں موسلا دھار بارش جاری رہ سکتی ہے۔
5 آئی پی ایل کرکٹ میں، بینگلورو کے ایم چنا سوامی اسٹیڈیم میں آج رائل چیلنجرس بینگلورو، چنئی سُپر کنگس کا سامنا کرے گا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

Campaigning

لوک سبھا انتخابات کے پانچویں دور کیلئے چناؤ مہم آج شام ختم ہوجائے گی۔ مختلف سیاسی جماعتوں کے ممتاز رہنما، اپنے امیدواروں کیلئے حمایت حاصل کرنے کی غرض سے، زیادہ سے زیادہ حلقوں تک پہنچنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ چھ ریاستوں اور مرکز کے انتظام والے دو علاقوں کے، 49 حلقوں میں پانچویں مرحلے میں پیر کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

دوسروں کے علاوہ وزیر اعظم اور BJP کے اعلیٰ رہنما نریندر مودی آج انبالہ، سونی پت اور دلّی جبکہ کانگریس کے رہنما راہل گاندھی کا اترپردیش اور دلّی میں انتخابی مہم چلانے کا پروگرام ہے۔

کل وزیر اعظم اور BJP کے اعلیٰ رہنما نریندر مودی نے ممبئی میں NDA کی ایک ریلی سے خطاب کیا۔

انھوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ NDA ریکارڈ تعداد میں نشستیں جیتے گا۔ جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ وہ ملک کو 2047 تک ترقی یافتہ ملک بنانے کیلئے ہفتے میں ساتوں دن چوبیس گھنٹے کام کر رہے ہیں۔ عام آدمی کی زندگی کو آسان بنانا اُن کی  ترجیح ہے۔

جھارکھنڈ میں، چترا، کوڈرما اور ہزاری باغ لوک سبھا سیٹوں میں پانچویں مرحلے کی پولنگ اور Gandey اسمبلی سیٹ میں ضمنی چناؤ کیلئے انتخابی مہم آج شام پانچ بجے ختم ہوجائے گی۔

وہاں پیر کو یعنی اس ماہ کی 20 تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ان تین پارلیمانی حلقوں میں پانچویں مرحلے کی پولنگ کیلئے کُل 55 امیدوار میدان میں ہیں۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ پولنگ ٹیمیں، آج سے ریاست کے دور- دراز کے علاقوں کیلئے انتخابات سے متعلق ساز و سامان لے کر روانہ ہو رہی ہیں۔

جھارکھنڈ کے اعلیٰ انتخابی افسر، کے۔ روی کمار نے کہا ہے کہ سال 2019 کے مقابلے، اس سال لوک سبھا انتخابات میں امیدواروں کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے۔

اس مرتبہ 244 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں جبکہ 2019 میں 229 امیدواروں نے انتخابات میں حصہ لیا تھا۔ x

## Kargil Pollig Teams

لداخ میں لوک سبھا انتخابات کی تیاریوں کے طور پر، Zanskar سب ڈویژن کے سبھی 44 پولنگ مراکز کے لئے آج کرگل میں Khree سلطان چوک اسپورٹس اسٹیڈیم سے پولنگ ٹیموں کو روانہ کردیا گیا۔ ضلع انتخابی افسرDEO شری کانت بالاصاحب SUSE، کرگل کے SP اور دیگر عہدیداروں نے پولنگ ٹیموں کو جھنڈی دکھاکر روانہ کیا۔DEO نے میڈیا کوبتایا کہPhema ، Ralakun اور Shadey جیسے دور دراز کے علاقوں کے لئے پولنگ ٹیموں کو کل ہی بھارتی فضائیہ کے ہیلی کاپٹروں سے روانہ کردیا گیا تھا۔ان تیاریوں پر اپنے اطمینان کا اظہارکرتے ہوئے، DEO نے یقین دلایا کہ پولنگ کے خوش اسلوبی سے انعقاد کی غرض سے سبھی ضروری انتظامات کرلئے گئے ہیں۔ DEOنے عوام پر بھی زوردیا ہے کہ وہ بیس مئی کو جوش و خروش کے ساتھ اور بغیر کسی خوف کے اپنا ووٹ ڈالیں۔xx

## MEA Advisory Bishkek

بھارت نے آج اجتماعی تشدد کے ذریعے بین الاقوامی طلبہ کو نشانہ بنائے جانے کی خبروں کے تناظر میں

کرغستان کے بشکیک میں مقیم بھارتی طلبہ کو گھروں میں رہنے کی ایڈوائزری جاری کی ہے۔ بشکیک میں بھارتی طلبہ کے فلاح و بہبود کی یقین دہانی کراتے ہوئے وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے کہا کہ حالات پر نگاہ رکھی جا رہی ہے اور جیسا کہ اطلاع ملی ہے کہ فی الحال حالات پر سکون ہیں۔ انھوں نے طلبہ کو صلاح دی ہے کہ وہ سفارتخانے کے ساتھ برابر رابطے میں رہیں۔ کرغستان میں بھارتی سفارتخانے نے طلبہ کے لیے چوبیس گھنٹے ساتوں دن ایمرجنسی رابطہ نمبر بھی جاری کیا ہے۔ نمبر اس طرح ہے: 055-571-0041

## Add MEA Advisory Bishkek

بشکیک میں گزشتہ کئی دن سے پُرتشدد واقعات پیش آرہے ہیں، جن میں 4 پاکستانی طلبا ہلاک اور کئی دوسرے زخمی ہوگئے۔ پاکستانی طلبا کے ساتھ اِس مہینے کی 13 تاریخ کو ہاسٹل میں ایک تنازعہ کی وجہ سے یہ تشدد شروع ہوا تھا۔ اِس تشدد اور گڑبڑ کے درمیان پاکستان کے طالب علموں نے الزام لگایا ہے کہ اُنھیں کرغستان میں پاکستان کے سفارتخانے یا مقامی حکام کی طرف سے کسی طرح کی مدد نہیں ملی ہے۔ اِس طرح کے الزامات بھی لگائے ہیں کہ زخمی طلبا کا اسپتالوں میں خاطر خواہ علاج نہیں کیا گیا۔ x

## India UK FOC

امور خارجہ کے سکریٹری ونے موہن کواترا اور برطانیہ کے امور خارجہ، دولتِ مشترکہ اور ترقی سے متعلق دفتر کے انڈر سکریٹری Sir Philip Barton کے درمیان صلاح مشورے کی غرض سے 16ویں میٹنگ ہوئی۔ دونوں سکریٹریوں کی یہ میٹنگ جمعرات اور جمعے کو جناب کواترا کے برطانیہ کے دو روزہ دورے کے دوران منعقد ہوئی تھی۔ اس موقع پر دونوں فریقوں نے باہمی تعلقات کے تمام پہلوؤں نیز باہمی مفادات کے علاقائی اور عالمی معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔ اسکے علاوہ دونوں فریقوں نے روڈ میپ 2030 کا بھی تفصیلی جائزہ لیا۔x

## PM Greetings VP

وزیر اعظم نریندر مودی نے نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ کو آج ان کی سالگرہ کی مبارکباد پیش کی ہے۔ جناب مودی نے جناب دھنکھڑ کی آئین کی گہری سمجھ اور عوامی خدمت کے تئیں اُن کے نمایاں عزم کو اجاگر کرتے ہوئے، اُن کے زبردست قانونی تجربہ اور مہارت کی ستائش کی۔ وزیر اعظم نے نائب صدر جمہوریہ کی طویل عمر، صحت اور خیر و عافیت کیلئے اپنی دلی خواہشات کا اظہار کیا۔ x

## AP Governor

اروناچل پردیش کے گورنر لیفٹیننٹ جنرل KT Parnak ریٹائرڈ نے کہا ہے کہ بھارت کی مسلح افواج، جو قومی تعمیر میں بنیادی کردار ادا کر رہی ہیں، یکجہتی اور اتحاد کی قومی علامت کے طور پر ابھری ہیں۔ انھوں نے یہ بات نئی دلّی میں واقع مانک شاہ مرکز میں PS بھگت یادگاری لیکچر دیتے ہوئے کہی۔ اِس موقع پر لیفٹیننٹ جنرل نے 'وکست بھارت' کے نظریے کا بھی ذکر کیا۔ اروناچل پردیش کے گورنر نے مزید کہا کہ مسلح افواج کو ملک کو ایک ترقی یافتہ پوزیشن دلانے کیلئے اہم کردار ادا کرنا چاہیے۔ x

## Israel Hostages

اسرائیلی فورسز نے غزہ سے 3 یرغمالوں کی لاشیں برآمد کی ہیں۔ اسرائیلی کی دفاعی فورسز IDF نے بتایا کہ برآمد شدہ لاشیں شانی Louk ، امیت Buskila اور Itzhak Gelerenter کی ہیں۔

IDF کے مطابق ان کا قتل 7 اکتوبر کو ہوا تھا اور اُن کے باقیات کو غزہ واپس لے جایا گیا تھا۔ دفاعی فورس نے بتایا کہ رات بھر کی ایک کارروائی کے بعد یہ لاشیں برآمد کی گئی ہیں۔

اسرائیلی وزیراعظم بن یامن نیتن یاہو نے اس خبر کو دل اندوہ خبر قرار دیا ہے۔x

## Kerala Rain

کیرالہ کے محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ آنے والے دنوں میں بھی موسلادھار بارش جاری رہے گی۔ Palakkad اور ملاّ پورم ضلعوں میں اورینج الرٹ جاری کیا گیا ہے جبکہ تھرووننت پورم ، کولاّم، Pathanam-Thitta، Alappuzha، Idukki، کوزی کوڈ اور Wayanad اضلاع میں یلوالرٹ جاری کیا گیا ہے۔ طوفانی ہوائیں چلنے اور خراب موسم کے امکان کی وجہ سے ماہی گیروں کو صلاح دی گئی ہے کہ وہ کیرالہ ساحل میں سمندر میں نہ جائیں۔ ریاست کے پہاڑی خطوں کے لئے بھی چوکسی کا اعلان کیا گیا ہے۔x

## IMD Weather

بھارت کے موسمیات کے محکمے نے اگلے کچھ دنوں تک ملک کے شمال مغربی، وسطی اور مشرقی حصے میں گرمی پڑنے کی پیشگوئی کی ہے۔ اگلے تین چار دن میں اِن علاقوں کے بہت سے حصوں میں درجۂ حرارت بتدریج دو سے چار ڈگری سیلسیس تک بڑھ سکتا ہے۔ ملک کے مشرقی اور وسطی علاقوں میں گرمی کا یہ سلسلہ آج سے ہی شروع ہوچکا ہے۔

راجستھان، پنجاب، ہریانہ اور دلّی کے علاقوں میں منگل کے بعد گرمی کی شدت میں کمی آسکتی ہے۔
دوسری طرف ملک کے جنوبی حصوں میں جمعرات تک کہیں کہیں تیز اور کہیں بہت تیز بارش ہوسکتی ہے۔ x

## IPL Cricket

آئی پی ایل کرکٹ میں، آج شام ساڑھے سات بجے بنگلورو کے ایم چنا سوامی اسٹیڈیم میں رائل چیلنجرس بنگلور کا مقابلہ چنئی سپر کنگز سے ہوگا۔

کل رات ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں کھیلے گئے ایک میچ میں لکھنؤ سپر جائنٹس نے ممبئی انڈینس کو 18 رن سے ہرادیا۔ جیت کیلئے مقررہ 215 رن کے جواب میں ممبئی انڈینس نے 20 اوورس میں 6 وکٹ پر 196 رن بنائے۔

پہلے بلے بازی کرتے ہوئے لکھنؤ سپرجائنٹس نے مقررہ 20 اوورس میں چھ وکٹ کے نقصان پر 214 رن بنائے تھے۔ لکھنؤ کی طرف سے نکولس پورن نے 29 گیندوں میں شاندار 75 رن بنائے جبکہ ممبئی کی طرف سے روہت شرما نے 38 گیندوں میں 68 رن بنائے۔ نکولس پورن کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔x

## India UAE

ایک اعلیٰ سطحی بھارتی وفد نے ابوظہبی میں متحدہ عرب امارات کے حکام کے ساتھ پُرعزم بھارت- مغربی ایشیا اقتصادی راہداری IMEEC سے متعلق پیش رفت پر پہلے مرحلے کے مذاکرات مکمل کرلئے ہیں۔ یہ مذاکرات دونوں ملکوں کے درمیان پروجیکٹ کے لئے ایک فریم ورک معاہدہ ہونے کے محض تین ماہ بعد ہوئے ہیں۔ جہازرانی، جہاز رانی وزارت ، بندرگاہوں اور آبی گزرگاہوں، کامرس اور صنعت کی وزارت، ایکسائز اور کسٹمز کے مرکزی بورڈ اور دین دیال اپادھیائے بندرگاہ کانڈلا سے متعلق اعلیٰ افسران پر مشتمل ایک بین وزارتی بھارتی ٹیم نے پندرہ سے سترہ مئی کے درمیان متحدہ عرب امارات میں بڑے جہازرانی Hubs کا دورہ کیا۔

اپنے تین روزہ قیام کے دوران انہوں نے خلیفہ بندرگاہFujairah بندرگاہ اور Zebel Ali بندرگاہ پر سازوسامان کو لانے لے جانے کی سہولت اور یورپ اور مغربی ایشیا کے بازاروں میں اقتصادی راہداری سے بھارت کو جوڑنے کے پیش نظر یہاں کے حکام کے ساتھ تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔x

## Indo Bangla Baul Music Festival

کل ڈھاکہ میں بھارت- بنگلہ Baul موسیقی فیسٹول کی شروعات ہوئی جو صوفی سنت اور عظیم انسان دوست

شخصیت فقیر لالن شاہ کا ڈھائی سویں یومِ پیدائش منانے کیلئے منعقد کیا جا رہا ہے۔ یہ فیسٹول 9 دن تک جاری رہے گا اور بنگلہ دیش کے الگ الگ شہروں میں اِس کا اہتمام کیا جائے گا۔

بنگلہ دیش میں بھارت کا ہائی کمیشن اور بنگلہ دیش کی ثقافت کی وزارت اِس کے انعقاد میں تعاون کر رہی ہیں۔ x

## Dubai Education Fair

دبئی میں جاری گلف نیوز تعلیمی میلے میں، تعلیمی ماہرین نے اس بات پر زور دیا ہے کہ طلباء کیلئے روزگار سے متعلق مستقبل کی مارکیٹ کے تقاضوں کے مطابق تیاری کرنے کی غرض سے، بین- موضوعاتی تعلیم بہت اہمیت کی حامل ہے۔ منی پال یونیورسٹی اور Middlsex یونیورسٹی کے نمائندوں نے اس بارے میں بتایا کہ ایک ابھرتی ہوئی افرادی قوت کے مطالبات پورا کرنے کے مقصد سے، ان کے ادارے کس طرح جدت طرازی اختیار کر رہے ہیں۔

دبئی کیمپس میں اعلیٰ تعلیم سے متعلق منی پال اکیڈمی کے صدر ڈاکٹر ایس۔ سدھیندر نے بین موضوعاتی مطالعات کی ضرورت کو اجاگر کیا۔ x

## Nuh Bus Accident

ہریانہ کے نوح شہر میں ایک خطرناک بس حادثے میں کم سے کم 8 افراد کی جانیں تلف ہوگئیں۔ بس میں اُس وقت آگ لگی جب یہ کل رات متھرا سے جالندھر جا رہی تھی۔ اِس واقعے میں 24 مسافر شدید زخمی ہوئے ہیں۔ انھیں قریب ترین اسپتال میں داخل کرا دیا گیا ہے۔ اِس ٹورسٹ بس میں پنجاب ہریانہ کے 60 سے زیادہ مسافر سوار تھے۔x

☆☆☆☆